7585-گھر والے اولاد کی تصویر مانگیں تو کیا کرنا چاہیے ؟

سوال

میں یہاں کینڈا میں رہائش پذیر ہوں اور میرے والدین خاندان والے سعودیہ میں رہتے ہیں، کیا میرے لیے انہیں اپنی اولاد کی تصویر بھیجنی جائز ہے ،مجھے علم ہے کہ تصویر جائز نہیں، لیکن میں والدین اور خاندان کو بھیجنے کے لیے صرف ایک ہی تصویر بناؤنگا ؟

پسندیدہ جواب

خاندان والوں کے خیالات اوران کے شعور عاطفی کی ہم قدر کرتے ہیں، لیکن آپ نے جو حالت بیان کی ہے وہ تصویر کی حرمت کو پامل کرنے اوراس کے جواز کا سبب اور دلیل نہیں بن سکتی، جبکہ یہ تصویر مطبوع ہو یا پھر ہاتھ سے بنائی گئی ہو، یا منقوش ہو، جیسا کہ سوال نمبر (10668) کے جواب میں بیان بھی ہو چکا ہے.

اور بعض علماء کرام زائل اور ختم ہونے والی تصویر جو ثابت نہ رہے کو جائز قرار دیتے ہیں، مثلا جو کمپیوٹر کی میموری میں حفظ ہوتی ہیں، اور سکرین پر آنے کے بعد زائل ہو جاتی ہیں، اگر تو یہ مشکل تصویر (jpg پر بنا کر اسے انٹرنیٹ کے ذریعہ بھیجا جائے کہ وہ ثابت اور مستقل نہ رہے) حفظ کی جائے تو بعض علماء کرام کے ہاں یہ جائز ہے.

یہاں ہم ایک تنبیہ کرنا چاہتے ہیں کہ حقیقی یاد تو دل میں ہوتی ہے، اور پھر دیکھیں بشر انسانی کی بہت ساری نسلیں گزر چکی ہیں جو اپنے بڑوں کے ساتھ محبت والفت رکھتے اوران کی یاد دلوں میں ہوتی، اوراشتیاق وشوق ہوتا، اوروہ ان کے لیے خیر وبھلائی کرتے، اورایک دوسرے کے لیے دعا بھی کرتے، پوتا اپنے دادے کے لیے دعا کرتا پھر تا حالانکہ اس نے دادے کو دیکھا بھی نہیں تھا.

اللہ تعالی آپ کو اس سوال کرنے پر جزائے خیر عطا فرمائے.

واللہ اعلم.